# کاروائی مشترکہ اجلاس وکلاء نمائندگان ہزارہ ڈویژن

**آج مورخہ 16/11/2017**

**بوقت دن 01:00 بجے**

صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، ایبٹ آباد محمد ارشد اعوان اور کابینہ کی دعوت پر ہزارہ ڈویژن سے ممبر پاکستان بار کونسل سید امجد شاہ صاحب، شاہ جہان خان سواتی ممبر KP بار کونسل، فدا محمد خان ممبر KP بار کونسل اور خالد داد خان ممبر KP بار کونسل کی معزرت، صدور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن بشارت احمد عابد صدر ڈسٹرکٹ بار مانسہرہ، اسداللہ ملک صدر ڈسٹرکٹ بار ہری پور، امیر محمد صدر ڈسٹرکٹ بار بٹگرام، ملک سجاد جنزل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایبٹ آباد، شوکت حیات جنزل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار بٹگرام، تحصیل بار ایسوسی ایشن صدر محمود خان، اوگی تحصیل بار کے صدر عالم زیب خان، سردار وجیع الملک نمائندہ تحصیل بار ایسوسی ایشن بالاکوٹ سید شاہد محبوب شاہ سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ہری پور، نے شمولیت کی جبکہ KPK بار کونسل کے ممبران صاحبان ایبٹ آباد قاضی محمد کامران اور سید شاہ فیصل شامل نہ ہوئے۔

**اجلاس دن 01:30 بجے شروع ہوا اور 04:00 بجے اختتام پزیر ہوا**

**سیکریٹری کے فرائض جناب نثار احمد خان سواتی ایڈیشنل سیکریٹری ہائی کورٹ بار نے انجام دی**

**<u>محمد ارشد اعوان</u>** صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد نے جملہ شرکاء صاحبان کا شکریہ ادا

کیا اور فرمایا کہ آج کے جملہ شرکاء صاحبان وکلاء برادری ہزارہ ڈویژن کے نمائندے اور ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان نے ہم سب پر اعتماد کر کے کامیاب کیا اب ہم سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم سب اکٹھے ہو کر یعنی یکجان ایک آواز ہو کر ہزارہ ڈویژن کی وکلاء برادری کے لئے نیک نیتی سے اپنے فرائض نبھائیں اور اپنی رنجش ختم کر کے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر مشترکہ طور پر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کی یعنی بار ایسوسی ایشن کی تمام مشکلات کا ازالا کریں جناب صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے تجویز پیش کی کے اس سلسلہ میں اس اشتراک کو قائم رکھتے ہوئے ایک **"لیگل ایکشن کمیٹی"** قائم کرے جس کا اجلاس ہر ماہ منعقد ہوا کرے گا اور جملہ ممبران صاحبان کی رائے سے آئندہ کے لئے مورخہ 21 دسمبر بروز جمعرات اگلے اجلاس کا اعلان کیا گیا صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد نے اجلاس کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آج تک ہر بار ایسوسی ایشن کے نمائندے اپنی بار ایسوسی ایشن کے لئے انفرادی طور پر وکلاء صاحبان کے مسائل حل کرنے کے لئے کوشاں رہیں ہیں کیوں نہ آج کے بعد ہم سب نمائندے مشترکہ طور پر یکجاء ہو کر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے مسائل حل کرے اس طرح ہمارا اتحاد بھی نظر آئے گا اور مسائل کے حل میں اس کا پریشر ہر ادارہ پر پڑے گا اور اس پر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے مسائل جلدی حل ہونے کی اُمید بنے گی۔انہوں نے 2004 KP بار کونسل کے الیکشن کی وضاحت کی کہ ہمیشہ KPK بار کونسل میں ہزارہ ڈویژن نے کے وکلاء مشترکہ طور پر اکثریت سے فیصلہ کرتے تھے اور 2009 تک ممبران KPK بار کونسل ہزارہ ڈویژن کبھی بھی بار کونسل میں الیکشن نہیں لڑا بلکہ متفقہ طور پر وائس چیئر مین اور چیئر میں ایکز یکٹو کا انتخاب ہوتا رہا۔اور اس متفقہ فیصلہ کی روشنی میں سب سے پہلے ممبر جوڈیشل کمیشن ہزارہ ڈویژن سے فضل الحق عباسی صاحب منتخب ہوئے اور دوسری دفعہ ممبر جوڈیشل کمیشن عبدالطیف خان منتخب ہوئے اور ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان نے KPK بار کونسل میں ایک مقام پیدا کیا اور عزت کمائی اسی طرح پاکستان بار کونسل کے الیکشن میں 3 مرتبہ

ہمارے ممبران مشترکہ طور پر منتخب ہوئے جس میں فضل الحق عباسی صاحب اور سعید اختر خان صاحب مرحوم منتخب ہوئے لیکن گزشتہ سالوں میں ہزارہ ڈویژن کے ممبران KP بار کونسل میں متحد نہ ہو سکے۔ اور مختلف الیکشن میں منقسم رہے اور ممبر جوڈیشل کمیشن کے حالیہ الیکشن میں بھی شاہ جہان سواتی کو ہزارہ سے ووٹ نہ ملے اس کے باوجود وہ ممبر جوڈیشل کمیشن منتخب ہوئے لیکن ان کا الیکشن آج تک متنازعہ بنا دیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم ہر دو ممبران KP بار کونسل ہزارہ ڈویژن سید فیصل شاہ اور قاضی کامران سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ جناب شاہ جہان خان سواتی ممبر جوڈیشل کمیشن کے حمایت کرتے ہوئے اس تنازعہ کو حل کریں اور دوسرے اُمیدوار کے حق سے دستبردار ہو جائے۔ صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے مرکزی حکومت سے اس سال ہزارہ ڈویژن کی تمام بار ایسوسی ایشن اور اپنی ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے لئے فنڈز کی دستیابی کے لئے کوشش کی اور الحمداللہ تحصیل غازی سے لے کر ڈسٹرکٹ بار کوہستان اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے لئے فنڈ دلوائے اور اب ہزارہ ڈویژن کے ممبران نمائندوں کو درخواست کی کے وہ اپنی آڈٹ رپورٹ سیکرٹری لاء مرکزی حکومت کو ارسال کرے تا کہ اسی مہینے میں فنڈ کی مزید دستیابی ہو سکے چونکہ اب پاکستان بار کونسل ایکٹ میں ترمیم ہو چکی ہے جس کی روح سے مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت کو فنڈز مہیا کرنا لازمی قرار دیا ہے کہ وہ تمام بار ایسوسی ایشن کو اپنے بجٹ کے ذریعہ فنڈ مہیا کرے جواب مرکزی سیکرٹری لاء صاحب نے دعوت قبول کرتے ہوئے عنقریب تمام بار ایسوسی ایشن ہزارہ ڈویژن کو چیک ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد نے تقسیم کرنے کا وعدہ کیا اس جملہ خط و کتابت اور فنڈ کی دستیابی میں تمام صدور ڈسٹرکٹ و تحصیل بار ایسوسی ایشن ہزارہ ڈویژن نے مل کر کوشش کی اور اس مشترکہ کوشش سے تمام بار ایسوسی ایشن کو فنڈ مہیا کیئے گئے۔

انہوں نے KP بار کونسل کے ممبران صاحبان سے درخواست کی کہ وہ یہ معاملہ حصول فنڈز کے لئے صوبائی

حکومت سے اپنے پلیٹ فارم سے رابطہ کرے تا کہ اسی طرح صوبائی حکومت بھی ہزارہ ڈویژن کی تمام بار ایسوسی ایشن کو فنڈ مہیا کرے۔

ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے دفاتر کے مسائل بہت بڑا مسئلہ ہے جو کہ ہر بار ایسوسی ایشن کے لئے جوڈیشل کمپلیکس کا اعلان تو کر دیا لیکن صرف ہری پور جوڈیشل کمپلیکس میں صدر ڈسٹرکٹ بار ہری پور اسد اللہ ملک کی کوششوں سے ہری پور کے وکلاء صاحبان کو دفاتر مل گئے لیکن ہم آج اس اجلاس کے وساطت سے چیف جسٹس صاحب پشاور ہائی کورٹ پشاور سے التماس کرتے ہیں کہ وہ ہری پور میں بنیادوں تک فنڈ مہیا کرے اسی طرح چیف جسٹس صاحب پشاور ہائی کورٹ پشاور سے درخواست کرتے ہے کہ وہ جوڈیشل کمپلیکس حویلیاں، اوگی، بالاکوٹ، بٹگرام، اورالائی کے وکلاء کو بھی دفاتر کی تعمیر کے لئے اراضی مہیا کرے۔ جوڈیشل کمپلیکس مانسہرہ تا حال کھٹائی میں پڑا ہوا ہے ہم جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور سے گزارش کرتے ہے کہ وہ جلد از جلد جوڈیشل کمپلیکس کی تعمیر کے لئے فنڈ مہیا کرے اور اس میں وکلاء صاحبان کے دفاتر کیلئے اراضی مختص کرے۔

ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد بار روم کے لئے ٹینڈر مئی 2017ء میں جاری ہوئے 17 جولائی 2017 کو جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور نے سنگ بنیاد رکھی اور بار روم مکمل کرنے کے لئے 09 مہینے کا ٹائم مقرر کیا لیکن بدقسمتی سے آج تک وہ فنڈز نہیں دیئے گئے ہم آج کے اجلاس کے وساطت سے جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ کو درخواست کرتے ہے کہ وہ فنڈز کی دستیابی کو جلد از جلد یقینی بنائے۔ تا کہ ہائی کورٹ بار روم کی تعمیر شروع ہو سکے

ایبٹ آباد ڈسٹرکٹ بار اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میں وکلاء کی پارکنگ کا بہت بڑا مسئلہ ہے ہم آج کے اجلاس کی اساطت سے صوبائی حکومت سے درخواست کرتے ہے کہ وہ کمشنر آفس میں 10 کنال اراضی پارکنگ کے لئے مہیا کرے کیونکہ پارکنگ کا بہت بڑا مسئلہ حل ہوسکے جس پر وقتاً فوقتاً خط وکتابت کرتے رہیں۔

ہم آج کے اجلاس کی وساطت سے جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور سے ملتمس ہے کہ ان جملہ مشکلات وکلاء صاحبان کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کرے اور ہزاہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان اپنے حقوق کے اصول کے لئے آخری حدتک پروٹیسٹ/ احتجاج تک جائیں گئے۔

**جناب شاہ جھان خان سواتی صاحب** ممبر KPK بار کونسل وممبر جوڈیشل کمیشن KPK نے اپنی تقریر میں صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے آج اس اجلاس کا انعقاد کیا اور یقین دلوایا کہ وہ اس لیگل ایکشن کمیٹی کے ساتھ اور ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کی مشکلات حل کرنے میں صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کر چلیں گئے اور تمام مسائل KPK بار کونسل کے علاوہ اس پلیٹ فارم سے حل کرنے میں اپنا قردار ادا کریں گئے انھوں نے مزید کہا کہ اس سے قبل ہزارہ ڈویژن کے نمائندوں کے درمیان کوارڈینیشن نہیں رہی ہم سب ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے نمائندے ہیں اور ہم سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم اس پلیٹ فارم سے جمع ہوکر احتجاج کر مظاہرہ کرتے ہوئے آئندہ کیلئے اکٹھے ہوکر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کی جتنی مشکلات ہیں حل کرنے میں اپنا قردار ادا کرے۔اور آئندہ آنے والے KPK بار کونسل کے الیکشن میں ہزارہ ڈویژن کے ممبران سے گزارش کرتے ہے کہ

وہ Majority کے ساتھ ہوکر الیکشن میں حصہ لے انہوں نے مزید کہا کہ تمام رنجشیں بھلا کر ہم اکٹھے ہوکر اتحاد کر مظاہر کرے گئے اور ممبران KPK بار کونسل کو ساتھ ملا کر چلیں گئے تا کہ کبھی بھی KPK بار کونسل میں تقسیم کا عنصر پیدا نہ ہو۔ جملہ ممبران بار/ نمائندگان بار ایسوسی ایشن نے بار کونسل میں ان کی کوششوں پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

**<u>فدا محمد خان صاحب</u>** ممبر KPK بار کونسل نے صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد کو خراج تحسین پیش کیا کہ انہوں نے ہزارہ ڈویژن کے تمام وکلاء صاحبان کے نمائندگان کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا ہم انشاء اللہ اس پلیٹ فارم سے سب مل جل کر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے مسائل حل کرے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ ڈویژن کے جو ممبران KP بار کونسل آج اس اجلاس میں موجود نہیں ہے ہم سب اگلے اجلاس میں ان کو بلا کو بیٹھائیں گئے وہ ہمارے بھائی ہے اور یکجا ہوکر ہزارہ ڈویژن کے مسائل ہر سطح پر حل کرنے میں اپنا قرداد ادا کرے گئے۔

**<u>اسد اللہ ملک صاحب</u>** صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ہری پور نے اپنے خطاب میں صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد کی کاوشوں کو سراہا اور شکریہ ادا کیا کہ وہ ہزارہ ڈویژن کے تمام نمائندوں کو ایک پلیٹ فارم پر لے آئیں ہے اس طرح ہم ایک مضبوط طاقت کے ساتھ ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے مسائل حل کرے گے۔ ہزارہ ڈویژن کے نمائندوں کے اجلاس کی نشست بڑی ضروری تھی انہوں نے یقین دلایا کہ وہ اس پلیٹ فارم سے ہزارہ ڈویژن کے وکلاء کیلئے ہر قسم کی آواز اُٹھائے گئے انہوں نے مزید کہا کہ جس طرح ہری پور جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء صاحبان کے دفاتر کے لئے اراضی رکھی گئی اسی طرح تمام جوڈیشل کمپلیکس میں ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے لئے اراضی رکھی

جاے تا کہ وہ اپنے دفاتر تعمیر کر سکے ۔ ہڑتال کی صورت اس وقت آنی چاہئے جب پہلے ہم ہر فورم سے اپنے مسائل Discuss کرے اگر مسائل حل نہ ہوئے تو آخری ہربہ ہڑتال کے طور پر استعمال کرے گئے ۔انہوں نے یقین دلایا کہ ہری پور کے وکلاء صاحبان اس لیگل ایکشن کمیٹی کی شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اپنے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔

**بشارت احمد عابد صاحب** صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مانسہرہ نے اپنے خطاب میں صدر ہائی کورٹ بار ایسی ایشن کا شکریہ ادا کیا کہ موجودہ حالات میں ہزارہ ڈویژن کے نمائندوں کا اتحاد اشد ضروری ہے اور اس اجلاس کے دوررس نتائج برآمد ہونگے اور آنے والا سفر نہایت آسان ہوگا انہوں نے دو ممبران KP بار کونسل کی عدم شرکت پر افسوس کا اظہار کیا اور تمام ممبران سے درخواست کی کہ دونوں ممبران KP بار کونسل شاہ فیصل صاحب اور قاضی کامران صاحب پر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان نے اعتماد کیا اور ہزاہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے حل میں آج کے اجلاس میں ان کا ہونا بہت ضروری تھا تا کہ ہزارہ ڈویژن کے وکلاء/ نمائندگان جمع ہو کر اپنے مسائل حل کرے انہوں نے جوڈیشل کمپلیکس کی تکمیل کو جلد مکمل کرنے پر زور دیا مانسہرہ جوڈیشل کمپلیکس کے تاخیری حربے کی نشاندہی کی اور اس جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء صاحبان ڈسٹرکٹ مانسہرہ کے دفاتر کیلئے Space مہیا کرنے پر زور دیا انہوں نے مزید کہا کہ جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء صاحبان کے دفاتر ضروری ہونے چاہئے اور انہوں نے صدر ہائی کورٹ بار کو مکمل یقین دلایا کہ ہر مسائل کے حل میں ڈسٹرکٹ بار مانسہرہ کے وکلاء ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہونگے انہوں نے سپریم کورٹ آف پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ جناب شاہ جہان خان سواتی کی کامیابی کا مطالبہ کیا بطور ممبر لیگل ایکشن کمیٹی ہڑتال کے بارے میں انہوں نے ملک اسداللہ صدر ڈسٹرکٹ بار ہری پور کی تجویز کی ہمایت کی ۔انہوں نے مزید کہا کہ چونکہ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد

سنٹرل پوائنٹ ہے اور آئندہ ہر ماہ اجلاس بروز جمعرات بہت ضروری ہے تا کہ ہم ایک پلیٹ فارم سے جمع ہو کر ہزارہ کے وکلاء صاحبان کے جملہ مسائل کے حل کرنے میں اپنا قردار ادا کرے۔

اسی دوران سابقہ ایکز یکٹو ممبر محمد یوسف مغل نے تجویز دی کہ لیگل ایکشن کمیٹی میں نائب صدر KPK سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن ملک مسعود الرحمان اعوان اور ممبر ایکز یکٹو کمیٹی تنویر احمد مغل کو بھی لیگل ایکشن کمیٹی میں شامل کیا جائے جس کی جملہ شرکاء صاحبان تائید کرتے ہوئے ان کو بھی لیگل ایکشن کمیٹی میں شامل کرنے پر متفق ہوئے۔

**<u>امیر محمد صاحب</u>** صدر ڈسٹرکٹ بار بٹگرام نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ ہمیں پہلی دفعہ صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے یہ موقع فراہم کیا کہ ہم اپنے مسائل یکجاء ہو کر اس پلیٹ فارم سے حل کرائے گئے ممبران KP بار کونسل سے گزارش کی کہ ہزارہ ڈویژن میں KPK بار کونسل کا ایک سب آفس (Sub Office) کھولے تا کہ ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کو آسانی ہو کہ وہ KP بار کونسل میں جملہ معاملات وخط وکتابت آسانی سے حل کر سکے۔انہوں نے بھی جوڈیشل کمپلیکس بٹگرام اور آلائی میں وکلاء صاحبان کے دفاتر نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کیا اور جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور سے بھی درخواست کی اور مطالبہ کیا کہ جوڈیشل کمپلیکس میں ضلع بٹگرام اور تحصیل آلائی کے وکلاء صاحبان کو دفاتر کیلئے Space دی جائے انہوں نے مزید کہا کہ Pakistan بار کونسل ایکٹ میں جو ترمیم ہوئی ہے فنڈز کی دستیابی ہر بار ایسوسی ایشن کو مہیا کرنے میں لازمی قرار دیا ہے۔مرکزی حکومت نے فنڈز مہیا کر دیئے لیکن صوبائی حکومت نے کوئی فنڈز فراہم نہ کیا انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس ترمیم کی روشنی میں KPK بار کونسل اور لیگل ایکشن

کمیٹی صوبائی حکومت سے فنڈز کی فراہمی میں اپنا قردار ادا کرے اور ہڑتال اس صورت میں کی جائے جب ہمارے مطالبات پر توجہ نہ دی گئی ہو۔

**محمود خان صاحب** صدر تحصیل بار ایسوسی ایشن حویلیاں نے اپنے خطاب میں فرمایا کے ہم صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے مشکور ہے کہ آج انہوں نے ہزارہ ڈویژن کے تمام نمائندگان کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا اور صدر ہائی کورٹ بار کی کوششوں کا ذکر کیا جو کہ تحصیل بار ایسوسی ایشن حویلیاں کو بھی مرکز سے فنڈز دستیاب ہوئے انہوں نے کہا کہ ایڈیشنل سیشن جج حویلیاں کی تعیناتی ہوئی اور ہم نے اپنا بار روم ان کے حوالے کیا ہمارے بار روم میں آج ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت موجود ہے ہم نے نیا بار روم تعمیر کر دیا ہے انہوں نے افسوس کا اظہار کی ہم نے تو جوڈیشری کو اپنا بار روم تک دے دیا لیکن جوڈیشری، جوڈیشل کمپلیکس حویلیاں 25 کنال رقبہ پر مشتمل میں وکلاء صاحبان کے دفاتر نہیں ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء کے دفاتر کے لئے جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور 2 کنال کی اراضی مہیا کرے تا کہ وکلاء کی پریشانی دور ہو سکے۔

**سید امجد شاہ صاحب** ممبر پاکستان بار کونسل نے صدر ہائی کورٹ بار کی شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ہزارہ ڈویژن کے تمام وکلاء نمائندوں کو ایک جگہ اکٹھا بٹھایا اور ہم وکلاء صاحبان ایک اتحاد سے مستقبل میں مل جل کر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء کی مشکلات کو حل کرے گئے۔ انہوں نے زور دیا کہ جس طرح شاہ جہان خان سواتی، ملک خالق داد اور فدا محمد خان ممبران KP بار کونسل امتیانات برائے لائسنس وکلاء کے لئے لے رہیں ہے وہ پاکستان بار کونسل ایکٹ کے

اہم مطابق ہے اوراس طرح وکلاء کی عزت میں اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے سپریم کورٹ آف پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ شاہ جہان خان سواتی ممبر جوڈیشل کمیشن کا جلد از جلد نوٹیفکیشن جاری کرے انہوں نے مطالبہ کیا کہ پشاور ہائی کورٹ بینچ ایبٹ آباد میں جملہ تعیناتی خالی آسامی پشاور سے ہوتی ہے جو کہ ہزارہ ڈویژن کے لوگوں کا حق پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بینچ میں آئندہ تمام تعیناتی خالی آسامیاں ہزارہ سے کی جائے۔انہوں نے یقین دلایا کہ وہ پاکستان بارکونسل کی سطح پر ہزارہ ڈویژن کی بارایسوسی ایشن کو فنڈز کے حصول کے لئے اپنا قرداراداکرے گئے۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ بطور ممبر پاکستان بارکونسل ہزارہ ڈویژن کے وکلاء کی مشکلات کے حل کے لئے ہرفورم میں اپنا فرض سمجھتے ہوئے آواز اُٹھائیں گئے۔

## اجلاس کے آخر میں مندرجہ ذیل مطالبات کی متفقہ منظوری دی گئی۔

1۔ جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور سے درخواست کی گئی کہ وہ ہزارہ ڈویژن کے تمام جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء صاحبان کے دفاتر کے لئے اراضی مہیا کرے تا کہ جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء صاحبان اپنے دفاتر تعمیر کر سکے۔

2۔ جوڈیشل کمپلیکس مانسہرہ کی تعمیر کے لئے جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور جلد از جلد فنڈز مہیا کرے اوراراضی کے حصول کے Process کو یقینی بنائے۔

3۔ ہائی کورٹ باروم کی تعمیر کے لئے جلد از جلد فنڈز مہیا کرے تا کہ اس کی تعمیر جلد از جلد مکمل ہو سکے۔

4۔ ہم جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاوراورصوبائی حکومت سے گزارش کرتے ہے کہ وہ ہزارہ ڈویژن کے بارایسوسی ایشن کے فنڈز کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

5۔ ہائی کورٹ بارایسوسی ایشن اورڈسٹرکٹ بارمیں گاڑیاں پارکنگ کا مسئلہ صوبائی حکومت کے ساتھ اُٹھایا جائے اورکمشنرآفس ایبٹ آبادمیں سے 10 کنال اراضی وکلاء کی گاڑیوں کی پارکنگ کے لئے مختص کی جائے۔

6۔ ڈسٹرکٹ بارایسوسی ایشن ایبٹ آباد کے لئے جوڈیشل کمپلیکس میں فلائے برج یاانڈرگراؤنڈ برج تعمیر ہونا بہت ضرورت ہے جوکہ جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور سے گزارش ہے کہ وہ اس مشکل کو آسان فرمائے۔

7۔ پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بینچ میں Ministerial Staff آسامیوں پر بھرتی ہزارہ ڈویژن کے باسیوں کا حق ہے،ہم چیف جسٹس صاحب پشاور ہائی کورٹ پشاور سے ملتمس ہے کے آئندہ آسامیوں پر بھرتی ہزارہ ڈویژن سے کی جائے۔

8۔ جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ سے ملتمس ہے کہ ججز کی تعیناتی کی ہرسطح پر ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کی تعیناتی حصوصاً ججز صاحبان پشاور ہائی کورٹ کی تعیناتی میں ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کو ان کا حق دیا جائے کیونکہ آج پورے پشاور ہائی کورٹ میں ہزارہ ڈویژن سے صرف 2 ججز صاحبان کی

تعیناتی 20 ججز صاحبان میں ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان کے ساتھ زیادتی ہے جو کہ کم از کم تعداد 5 ہونی چاہیے۔

9۔ ہزارہ ڈویژن کے وکلاء صاحبان جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور سے گزارش کرتے ہے کہ وہ اپنی اولین فرست میں ایبٹ آباد ہائی کورٹ کا دورہ رکھتے ہوئے لیگل ایکشن کمیٹی کے جملہ ممبران/ نمائندگان وکلاء کے ساتھ ایک نشست کر کے ان مسائل کے حل میں اپنا قرداراداکرے۔

10۔ تحصیل بار آلائی میں وکلاء صاحبان کے پاس نہ بار روم ہے اور نہ ہی وکلاء صاحبان کے پاس دفاتر کے لئے جگہ ہے لہذا جناب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ پشاور سے مطالبہ کرتے ہے کہ آلائی کے وکلاء صاحبان کے مسائل پر حصوصی توجہ فرمائی جائے۔

**جنرل سیکرٹری**

صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ایبٹ آباد